SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

# PRESS RELEASE

For immediate release
September 22, 2023

## ایس ای سی پی نے نان بینکنگ رولز میں ترامیم کر دیں، نوٹیفیکیشن جاری

اسلام آباد، 22 ستمبر: سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے وفاقی حکومت کی منظوری سے نان بینکنگ فنانس کمپنیز (اسٹیبلشمنٹ اینڈ ریگولیشنز) رولز 2003 میں ترامیم کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا ہے۔ ترامیم، جو کہ تمام اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ جامع مشاورت کے بعد متعارف کرائی گئی ہیں، کا مقصد نان بینکنگ فنانس سیکٹر میں گروتھ کو بحال کرنا اور جدید اور سازگار ریگولیٹری فریم ورک قائم کرنا ہے۔

این بی ایف سی رولز میں کاروبار کرنے میں آسانی فراہم کرنے کی غرض سے کمپنی کے مجوزہ ڈائریکٹرز کی جانب سے میمورنڈم کی مصدقہ کاپیاں، آرٹیکل آف ایسوسی ایشن، اور سرٹیفکیٹ آف انکارپوریشن کی فراہمی کے تقاضوں کو ختم کر دیا گیا ہے۔ اسی طرح کمپنی کی جانب سے کاروبار کی مجوزہ جگہ کے انتخاب کی وجوہات فراہم کرنا، شماریاتی ڈیٹا، اور اضافی حقائق وغیرہ کی فراہمی کو بھی ختم کر دیا گیا ہے۔

مزید برآں، ڈائریکٹرز اور چیف ایگزیکٹو افسران کی جانب سے معلومات کی درستگی کے حلف نامے جمع کرانے کی بھی ضرورت نہیں۔ اب صرف انہیں معلومات کی درستگی کا ڈیکلاریشن ہی دینا ہو گا۔ مزید برآں، "سرمایہ کاری کمپنی" کی اصطلاح کو بھی قواعد سے حذف کر دیا گیا ہے کیونکہ اب یہ ڈھانچہ موجود نہیں ہے۔

ترامیم کا نوٹیفکیشن ایس ای سی پی کی ویب سائٹ پر موجود ہے۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Tel: 051-9214005